پریس ریلیز

گوجرانوالہ یکم مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری شدید مسائل سے دوچار ہے اس اہم سیکٹر کو ٹیرف ریشنلائزیشن کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ راء میٹریل پر ریگولیٹری ڈیوٹی، ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی پر ڈیوٹیز اور کمرشل امپوٹرز کو ویلیو ایڈڈ لگا کر اس صنعت کو مقابلہ کی دوڑ سے ہٹایا جارہا ہے۔ جبکہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بجلی کے بلوں میں 9 سینٹ فی یونٹ کی رعایت دی گئی تھی جسے ختم کر دیا گیا ہے ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بڑھتی ہوئی مشکلات کے پیش نظر بے شمار انڈسٹری بند ہو چکی ہے جبکہ ٹیکسٹائل انڈسٹری سے جڑے لاکھوں مزدور بے روزگاری کا شکر ہو چکے ہیں۔ حکومت سے پرزور مطالبہ ہے کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کو 9 سینٹ رعایت دلوانے میں مدد کرے۔ نیز بجلی اور گیس کے رعایتی نرخوں پر ٹیکسٹائل سیکٹر کو فراہمی جاری رکھی جائے۔ اس وقت ملکی انڈسٹری کو حکومت کی سپوٹ کی اشد ضرورت ہے انڈسٹری کیلئے جتنی آسانیاں پیدا کریں گے ملکی معیشت اتنی ہی مستحکم ہوگی۔